سوال

محدثات الامور(نئے کاموں) کا بیان

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

محدثات الامور(نئے ایجاد کردہ کام) کیا ہوتے ہیں؟ اوراس کا کیا مطلب ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جناب رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے :

اِیَّاکُم وَمُحدَثَاتِ الاُمُورِ ''نئے ایجاد ہونے والے کاموں سے پرہیز کرو۔''

اس سے مراد تمام وہ بدعتیں ہیں جو لوگوں نے اسلامی عقائد اور عبادات وغیرہ میں بنالی ہیں جن کا ثبوت اللہ کی کتاب سے ملتا ہے نہ رسول اللہ ﷺ کی سنت سے ۔ لوگوں نے اسے ہی دین بنالیا ہے' اس کے مطابق عقیدہ رکھتے اورانہیں شرعی اعمال سمجھ کر عبادت کی نیت سے ادا کرتے ہیں ۔ حالانکہ وہ شرعی اعمال نہیں بلکہ ممنوعات ہیں ۔ مثلاً فوت شدہ یا نظروں سے اوجھل اولیاء سے دعا کرنا' قبروں کو مسجدوں کا مقام دے دینا' قبروں کے گرد طواف کرنا' قبروں میں مدفون افراد سے یہ سمجھ کر فریاد کرنا کہ وہ اللہ کے ہاں ان کے سفارشی ہیں اور حاجت روا مشکل کشا ہیں' اللہ اور بندوں کے درمیان واسطہ ہیں ۔ انبیاء اوراولیاء کے ایام پیدائش کو جشن کی طرح منانا اوراس میں خود ساختہ نیکیاں کرنا جنہیں اس دن یا رات یا اس ماہ کے ساتھ مخصوص سمجھا جاتا ہے ۔ اسی طرح کی اور بے شمار بدعات وخرافات ہیں جن کی دلیل اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ قرآن یا رسول اللہ ﷺ کی ثابت شدہ سنت میں نہیں ملتی ۔ مذکورہ بالا وضاحت سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ بعض بدعتیں شرک ہوتی ہیں ۔ مثلاً فوت شدہ افراد سے فریاد کرنا یا ان کے لئے مذکورہ بالا وضاحت سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ بعض بدعتیں ہیں' شرک تک نہیں پہنچتیں مثلاً قبروں پر گنبد وغیرہ تعمیر کرنا اوران پر مسجدیں بنانا ۔ البتہ ان میں بسا اوقات اس قسم کا غلو کیا جاتا ہے جو شرک تک پہنچ جاتا ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1